F. No. 2(9)/2021-Ziarat

حکومت پاکستان

وزارتِ مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

پہلی منزل، کوہسار بلاک (TUV)، پاک سیکرٹریٹ، اسلام آباد

اندراج بحیثیت زائرین گروپ آرگنائزرز (ZGOs)

وزارت مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی ایران، عراق اور شام وغیرہ میں زیارت کے لیے "زائرین گروپ آرگنائزر (**ZGO**)" کے طور پر اندراج کے لیے دلچسپی رکھنے والی کمپنیوں/ افراد سے درخواستیں طلب کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

2. درج ذیل معیار کو پورا کرنے والے درخواست دہندگان اندراج کے اہل ہوں گے:-

الف) کبھی بھی کسی فوجداری جرم میں مجرم نہ ٹھہرایا گیا ہو، پاکستان میں کسی فورم یا متعلقہ میزبان ممالک کی طرف سے بلیک لسٹ نہ کیا گیا ہو، FBR، کسی بینک یا مالیاتی اداروں نے ڈیفالٹر قرار نہ دیا ہو۔

ب) درج ذیل دستاویزات کے ذریعے ZGO کے طور پر کام کرنے کی اہلیت ثابت کریں:

(i) دستاویزی ثبوت کے ساتھ ماضی کا تجربہ (اگر کوئی ہو)

(ii) آڈیٹرز یا بینک کی جانب سے جاری کردہ مالیاتی گوشوارہ (مالی استحکام کے ثبوت کیلئے)

3. اندراج شدہ درخواست دہندگان کو مندرجہ بالا معیار پورا کرنے کی صورت میں بطور ZGO رجسٹریشن کے لیے زیر غور لایا جائے گا جو ابتدائی طور پر مبلغ **30,000/-** روپے (نا قابل واپسی) پے آرڈر بنام وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، اسلام آباد اور تمام ضابطہ اخلاق کی تکمیل سے مشروط ہے۔ وزارت کی طرف سے مقرر کردہ شرائط وضوابط اور وقتاً فوقتاً مقررہ فیس کی ادائیگی پر اس کی تجدید کی جاسکتی ہے۔

4. خواہشمند درخواست دہندہ اس اشتہار کی اشاعت کے **30** دنوں کے اندر اس وزارت کی ویب سائٹ **www.mora.gov.pk** کے ذریعے آن لائن درخواست دے گا

5. اصل پے آرڈر کے ساتھ دستخط شدہ درخواست فارم کے دو (**02**) سیٹ (ویب سائٹ سے پرنٹ شدہ) اور متعلقہ دستاویزات کی تصدیق شدہ کاپیاں آن لائن جمع کرانے کی تاریخ کے اختتام کے بعد، **15** دنوں کے اندر اندر زیر دستخطی کو بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ بھیجنا لازم ہوگا۔

6. مزید تفصیلات مثلاً زائرین مینجمنٹ پالیسی، ZGOs کے لیے تفصیلی SOPs، حلف نامہ اور خدمات فراہم کرنے والے معاہدے (SPA) کے نمونہ جات اور درخواستیں جمع کرانے کے کی رہنمائی وغیرہ کیلئے وزارت کی ویب سائٹ **www.mora.gov.pk** پر ملاحظہ فرمائیں۔

7. یہ وزارت مطلوبہ شرائط کو پورا نہ کرنے والی کسی یا تمام درخواستوں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے اور ضرورت پڑنے پر آخری تاریخ کو ری شیڈول کرسکتی ہے۔

سیکشن افسر (زیارت)، فون: 051-9211670

18 x 3 cm